| | |
|---|---|
| Time | Narration |
| 00:00 | لبرآفس امپریس میں پکچرس اورآبجیکٹس داخل کرنے پرمبنی اس ٹیوٹوریل میں آپ کا خیر مقدم ہے. |
| 00:06 | اس ٹیوٹوریل میں ہم سیکھیں گے کہ پریزنٹیشن میں پکچرس اورآبجیکٹس کیسے ڈالیں. |
| 00:12 | پکچرس اورآبجیکٹس کوفارمیٹ کرنا. |
| 00:15 | پریزنٹیشن کےاندراور باہر ہائپرلنک کرنااورٹیبلز ڈالنا. |
| 00:20 | یہاں ہم اپنے آپریٹنگ سسٹم کےطور پراوبنٹولینکس ورژن 10.04 اورلبرآفس ورژن 3.3.4 کااستعمال کررہے ہیں. |
| 00:29 | ویب براؤزر ایڈریس بار میں،اسکرین پرنظرآنے والی URL ٹائپ کریں. |
| 00:34 | یہ ایک امیج دکھاتا ہے. |
| 00:37 | اب امیج پررائٹ کلک کریں اور Save Image As آپشن کاانتخاب کریں. |
| 00:41 | ایک ڈائیلاگ باکس اوپن ہوگا. |
| 00:43 | نیم فیلڈ میں open source-bart.png پہلے سے ہی ظاہر ہے. |
| 00:51 | ہم لوکیشن کےطور پرڈیسکٹاپ چنیں گےاور save کےبٹن پرکلک کریں گے. |
| 00:59 | چلئے اپنی پریزنٹیشن Sample-Impress کواوپن کرتے ہیں جوہم نے پہلےمحفوظ کیا ہے. |
| 01:04 | اب ہم دیکھیں گے کہ اس پریزنٹیشن میں پکچرکیسے شامل کریں. |
| 01:09 | مین مینیو میں Insert پرکلک کریں اور پھر Picture پرکلک کریں. |
| 01:14 | اب From File آپشن پرکلک کریں. |
| 01:17 | ایک ڈائیلاگ باکس کھلےگا. |
| 01:19 | اس فولڈرکاانتخاب کریں جس سے آپ پکچرڈالنا چاہتے ہیں. |
| 01:23 | ہم ڈیسکٹاپ فولڈرچنیں گے. |
| 01:26 | اب اس پکچرکومنتخب کریں جسے ہم شامل کرنا چاہتے ہیں اوراوپن بٹن پرکلک کریں. |
| 01:31 | پکچرسلائیڈ میں شامل ہوجاتی ہے. |
| 01:35 | تبدیلی کوانڈوکریں. |
| 01:37 | اب ہم پکچرڈالنے کے لئے ایک اورطریقہ دیکھتے ہیں. |

| | |
|---|---|
| 01:41 | Insert اور Slide پر کلک کر کے Overview نامی سلائیڈ کے بعد ایک نئی سلائیڈ ڈالیں. |
| 01:50 | ٹائٹل ٹیکسٹ باکس پر کلک کریں اور ٹائٹل کو 'Open source Funny' میں تبدیل کریں. |
| 01:56 | بیچ میں چار آئیکنس پر مشتمل ایک چھوٹے باکس پر توجہ دیں . یہ انسرٹ ٹول بار ہے. |
| 02:03 | انسرٹ بار میں Insert Picture icon (انسرٹ پکچر آئیکن ) پر کلک کریں. |
| 02:08 | پکچر مُنتخب کریں اور Open بٹن پر کلک کریں. |
| 02:12 | نوٹ کریں کہ ڈالی گئی پکچر تقریبا پوری سلائیڈ پر محیط ہے. |
| 02:17 | آپ اس پر کلک کر کے کنٹرول پوائنٹس کے ذریعہ امیج کی شکل اور سائز تبدیل کر سکتے ہیں. |
| 02:27 | اسی طرح ہم اپنی پریزنٹیشن میں دوسری چیزیں بھی ڈال سکتے ہیں جیسے کہ چارٹس اور مووی کلپس . |
| 02:35 | ان تمام امکانات کا جائزہ لیں. |
| 02:38 | اب سیکھتے ہیں کہ ہائپرلنک کس طرح کریں. |
| 02:41 | ہائپرلنکنگ آپ کو پریزنٹیشن سے ایک سلائڈ سے دوسری سلائیڈ پر آسانی سے جانے یا ویب کے صفحے یا دستاویز اوپن کرنے کی اجازت دیتا ہے. |
| 02:49 | پہلے ہم دیکھیں گے کہ پریزنٹیشن میں ہائپرلنک کس طرح کریں. |
| 02:54 | اوورویو نامی سلائیڈ کے بعد نئی سلائیڈ ڈالیں. |
| 03:02 | ٹائٹل پر کلک کریں اور Table of Contents ٹائپ کریں. |
| 03:07 | Body ٹیکسٹ باکس پر کلک کریں اور علی الترتیب سلائڈز کے ٹائٹل ٹائپ کریں. |
| 03:13 | Open Source Funny<br>The Present Situation<br>Development up to present<br>Potential Alternatives<br>Recommendation |
| 03:24 | Development up to present لائن کو منتخب کریں. |
| 03:28 | Insert اور Hyperlink پر کلک کریں. |
| 03:31 | یہ ہائپرلنک ڈائیلاگ باکس اوپن کرے گا. |

| | |
|---|---|
| بائیں پین پر، Document منتخب کریں . پھر دائیں فیلڈ کے Target in document بٹن پر کلک کریں. | 03:34 |
| اس پریزنٹیشن میں موجود سلائڈس کی فہرست اوپن ہوتی ہے. | 03:48 |
| فہرست سے Development upto present نامی سلائیڈ کا انتخاب کریں. | 03:53 |
| اس فہرست میں Apply بٹن پر کلک کریں اور پھر Close بٹن پر کلک کریں. | 03:58 |
| ہائپرلنک ڈائیلاگ باکس میں پھر سے Apply بٹن پر کلک کریں اور پھر Close بٹن پر کلک کریں. | 04:04 |
| سلائیڈ میں کہیں پر بھی کلک کریں. | 04:12 |
| اب جب آپ اپنا کرسر ٹیکسٹ پر گھماتے ہیں، تو کرسر پوائنٹنگ فنگر میں بدل جاتا ہے. | 04:14 |
| اس کا مطلب ہے کہ ہائپرلنکنگ کامیاب ہوگئی ہے. | 04:20 |
| ہائپرلنک کیئے ہوئے ٹیکسٹ کو کلک کرنا آپ کو مناسب سلائیڈ پر لے جاتا ہے. | 04:24 |
| دیگر دستاویز کو ہائپرلنک کرنے کے لیئے، چلیئے سلائیڈ فہرست کے ٹیبل پر واپس چلتے ہیں. | 04:29 |
| اب ایک اور لائن شامل کریں External Document - | 04:36 |
| ٹیکسٹ کی لائن کو منتخب کریں اور Insert پر کلک کریں اور پھر Hyperlink پر کلک کریں. | 04:40 |
| بائیں پین میں، Document کا انتخاب کریں. | 04:45 |
| Document Path فیلڈ کے دائیں بازو folder آئیکن پر کلک کریں. | 04:48 |
| اس document کا انتخاب کریں جسے آپ ہائپرلنک کرنا چاہتے ہیں. | 04:55 |
| ہم resume.odt منتخب کریں گے . جسے ہم نے رائٹر سیریز میں بنایا ہے اور Open بٹن پر کلک کریں. | 04:58 |
| ہائپرلنک ڈائیلاگ باکس میں Apply بٹن پر کلک کریں اور پھر Close بٹن پر کلک کریں. | 05:07 |
| سلائیڈ پر کہیں بھی کلک کریں. | 05:14 |
| اب جب آپ اپنا کرسر ٹیکسٹ پر گھماتے ہیں، تو کرسر پوائنٹنگ فنگر میں بدل جاتا ہے. | 05:17 |
| اس کا مطلب ہے کہ ہائپرلنکنگ کامیاب ہوگئی ہے. | 05:22 |
| اب ہائپرلنک کیئے ہوئے ٹیکسٹ کو کلک کرنا آپ کو مناسب دستاویز پر لے جاتا ہے. | 05:26 |
| یہاں، یہ ہمیں resume.odt پر لے جاتا ہے. | 05:31 |
| اسی طرح ویب کے صفحے کو ہائپرلنک کیا جاسکتا ہے. | 05:36 |
| پریزنٹیشن کے آخر میں ایک نئی سلائڈ ڈالیں. | 05:40 |

| | |
|---|---|
| 05:43 | ٹائٹل کو Essential Open Source Software میں تبدیل کریں. |
| 05:48 | باڈی ٹیکسٹ باکس میں ubuntu اور Libre Office ٹائپ کریں. |
| 05:53 | ٹیکسٹ کی دوسری لائن کو منتخب کریں اور Insert پر کلک کریں اور پھر Hyperlink پر کلک کریں. |
| 06:00 | بائیں پین پر، انٹرنیٹ انتخاب کریں. |
| 06:03 | ہائپرلنک ٹائپ میں، ویب انتخاب کریں. |
| 06:07 | Target فیلڈ میں، www.libreoffice.org ٹائپ کریں. |
| 06:16 | ہائپرلنک ڈائیلاگ باکس میں Apply بٹن پر کلک کریں اور پھر Close بٹن پر کلک کریں. |
| 06:23 | سلائیڈ پر کہیں بھی کلک کریں. |
| 06:26 | اب جب آپ اپنا کرسر ٹیکسٹ پر گھماتے ہیں، تو کرسر پوائنٹنگ فنگر میں بدل جاتا ہے. |
| 06:32 | اس کا مطلب ہے کہ ہائپرلنکنگ کامیاب ہوگئی ہے. |
| 06:37 | اب ہائپرلنک کیئے ہوئے ٹیکسٹ کو کلک کرنا آپ کو مناسب ویب پیج پر لے جاتا ہے. |
| 06:44 | آخر میں، ٹیبلز ڈیٹا کو کالمز اور روز میں منظّم کرنے میں مفید ہوتے ہیں. |
| 06:49 | چلیئے اب سیکھتے ہیں کہ لبرآفس امپریس میں ٹیبل کیسے شامل کریں. |
| 06:54 | سلائیڈ پین سے Development up to the present نامی سلائیڈ کا انتخاب کریں. |
| 07:00 | ٹاسک پین میں ترتیب سیکشن سے ٹائٹل اور 2 کنٹینٹ آئیکن کو منتخب کریں. |
| 07:07 | بائیں طرف کے ٹیکسٹ باکس میں ٹیکسٹ کو منتخب کریں. |
| 07:14 | اور فونٹ سائز 26 تک کم کردیں. |
| 07:17 | دائیں جانب ٹیکسٹ باکس میں، بیچ کے انسرٹ ٹول بار سے Insert Table آئیکن پر کلک کریں. |
| 07:25 | ڈیفالٹ طور پر، کالمز کی تعداد 5 اور روز کی تعداد 2 ظاہر ہوتی ہے. |
| 07:33 | ہم کالمز کی تعداد 2 میں اور روز کی تعداد 5 میں تبدیل کرتے ہیں. |
| 07:41 | OK بٹن پر کلک کریں. |
| 07:44 | ہم ٹیبل کو بڑھاتے ہیں تاکہ ٹیکسٹ پڑھنے کے قابل ہو. |
| 07:49 | ٹیبل میں ڈیٹا اینٹر کریں جیسے دکھایا جارہا ہے. |
| 07:51 | Implementation Year % |

| | |
|---|---|
| 07:56 | 2006 10% |
| 07:59 | 2007 20% |
| 08:02 | 2008 30% |
| 08:05 | 2009 40% |
| 08:08 | اب ٹیکسٹ کو بولڈ اور بیچ میں کرنے کے لئے ہیڈر رو کے فونٹ کو تبدیل کرتے ہیں. |
| 08:17 | ٹیبل کے کلر کو تبدیل کرنے کے لئے پہلے مکمل ٹیکسٹ کو منتخب کریں. |
| 08:22 | پھر ٹاسک پین پر ٹیبل ڈیزائن سیکشن سے ٹیبل سٹائل منتخب کریں . ہم اسے چنتے ہیں. |
| 08:30 | دیکھئے اب ٹیبل کیسا دکھائی دیتا ہے. |
| 08:33 | اب ہم اس ٹیوٹوریل کے اختتام پر آ پہنچے ہیں. |
| 08:37 | مختصر میں، اس ٹیوٹوریل میں ہم نے سیکھا کہ پکچرز کیسے ڈالیں اور انہیں فارمیٹ کس طرح کریں. |
| 08:43 | پریزنٹیشن کے اندر اور باہر ہائپر لنک کرنا اور ٹیبلز ڈالنا. |
| 08:49 | اب آپ کیلیئے ایک مشق ہے. |
| 08:53 | نئی پریزنٹیشن بنائیں. |
| 08:55 | تیسری سلائیڈ میں پکچر ڈالیں. |
| 08:58 | 4th سلائیڈ میں 2 روز اور 3 کالمز والا ٹیبل بنائیں. |
| 09:03 | ٹیبل کی رو 2 کالم 2 میں سلائیڈ 3 ٹائپ کریں .اس ٹیکسٹ کو تیسری سلائڈ سے ہائپر لنک کریں. |
| 09:14 | مندرجہ ذیل لنک پر دستیاب ویڈیو دیکھیں. |
| 09:17 | یہ سپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ کا خلاصہ بیان کرتا ہے. |
| 09:20 | اگر آپ کے پاس اچھا بینڈ وڈتھ نہیں ہے تو آپ اسے ڈاؤن لوڈ کر کے دیکھ سکتے ہیں. |
| 09:25 | اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ کا عملہ اسپوکن ٹیوٹوریل کے ذریعے ورکشاپس کا انعقاد کرتا ہے. |
| 09:30 | آن لائن امتحان میں کامیابی حاصل کرنے والوں کو سند تفویض کی جاتی ہے. |
| 09:34 | مزید معلومات کے لئے، براہ مہربانی contact@spoken-tutorial.org پر رابطہ قائم کریں. |
| 09:41 | اسپوکن ٹیوٹوریل ٹاک ٹو اے ٹیچر پروجیکٹ کا حصہ ہے. |
| 09:46 | جسے حکومت ہند کی وزارت برائے انسانی وسائل وترقی کے قومی تعلیمی مشن بذریعہ آئی سی ٹی کی تائید حاصل ہے. |

| | |
|---|---|
| اس مشن پر مزید معلومات دیے گئے لنک پر دستیاب ہے<br>http://spoken-tutorial.org/NMEICT-Intro. | 09:53 |
| اِس اسکرپٹ کا ترجمہ صنوبر نشاط نے کیاہ،اور میں وجاہت احمد اب آپ سے اِجازت لیتا ہوں۔ | 10:05 |
| اِس سبق میں شامل ہونے کے لئے بہت شکریہ . | 10:11 |